AlQuran

Arabic - English - Urdu

Word by Word Color Coded Quranic Translation Learn and Understand Authentic Quranic Meanings

Juzz 09 قَالَ الْمَلَاُ

88. Said the chieftains, those who were arrogant among his people: "We shall certainly drive you out, O Shuaib, and those who believed with you from our township, or you shall return to our religion." He said: "Even if we are those who hate."	کہنے لگے سردار وہ جنہوں نے تکبر کیا اسکی قوم میں سے کہ یقیناً نکال دیں گے ہم تجھ کو اے شعیب اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں تیرے ساتھ اپنی بستی سے یا تم لوٹ آؤ ہمارے مذہب میں۔ کہا اس نے خواہ ہم ہیں وہ جو بیزار ہیں۔	قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿۸۸﴾
89. "Indeed, we should have invented against Allah a lie if we returned to your religion after when Allah has rescued us from it. And it is not for us that we return to it, except that should so will Allah, our Lord. Comprehends Our Lord all things in knowledge. Upon Allah do we put our trust. Our Lord, judge between us and our people in truth. And You are the best of those who give judgment."	یقیناً گھڑیں گے ہم اللہ پر جھوٹ اگر لوٹ جائیں ہم تمہارے مذہب میں بعد اسکے جب نجات دے چکا ہے ہمیں اللہ اس سے۔ اور نہیں ہے ہمیں کہ لوٹ جائیں ہم اس میں مگر یہ کہ چاہے اللہ جو ہمارا رب ہے۔ احاطہ کئے ہوئے ہے ہمارا رب ہر چیز کا علم سے۔ اللہ پر ہمارا بھروسہ ہے۔ ہمارے رب فیصلہ کر دے ہم میں اور ہماری قوم کے درمیان انصاف کے ساتھ اور تو ہے سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا۔	قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَ مَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَ اَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾
90. And said the chieftains, those who disbelieved among his people: "If you follow Shuaib, indeed you then shall certainly be the losers."	اور کہنے لگے سردار وہ جنہوں نے کفر کیا اسکی قوم میں سے اگر پیروی کی تم نے شعیب کی تم یقیناً تب تو ضرور خسارے میں پڑ جاؤ گے۔	وَ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾
91. Then seized them the earthquake, so they lay in their dwelling places prostrate.	تو آپکڑا انکو زلزلے نے تو رہ گئے وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے۔	فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۚ﴿۹۱﴾
92. Those who denied Shuaib became as if they had not dwelt therein. Those who denied Shuaib, became they the losers.	وہ لوگ جھٹلایا جنہوں نے شعیب کو ایسے ہو گئے گویا نہیں وہ آباد ہوئے تھے اسمیں وہ لوگ جھٹلایا جنہوں نے شعیب کو ہو گئے وہ خسارے والے۔	الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۛۚ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۲﴾
93. Then he turned away from them and said: "O my people, indeed I have conveyed to you the messages of my Lord, and I have given advice to you. Then how could I grieve for a people who disbelieve."	تو منہ پھیرا اس نے ان سے اور کہا اے میری قوم یقیناً پہنچا دیے میں نے تم کو پیغامات اپنے رب کے اور خیر خواہی کی تمہاری تو کیسے رنج کروں میں ان لوگوں پر جو کفر کرتے ہیں۔	فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَ قَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَ نَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۹۳﴾
94. And We did not send unto a township any prophet, except We seized its people with tribulation and adversity that they may humble themselves.	اور نہیں بھیجا ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی مگر مبتلا کیا ہم نے وہاں کے رہنے والوں کو دکھوں اور مصیبتوں میں شاید کہ وہ عاجزی اختیار کریں۔	وَ مَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَ الضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾
95. Then We changed in place of the evil plight, the good,	پھر بدل دی ہم نے بدحالی کی جگہ خوشحالی۔ یہاں تک	ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى

until they grew affluent and they said: “Indeed, our fathers were touched by suffering and affluence.” Then We seized them suddenly while they did not perceive.	کہ وہ خوب پھلے پھولے اور کہنے لگے یقیناً پہنچی رہی ہے ہمارے باپ دادا کو بھی تکلیف اور راحت تو پکڑ لیا ہم نے انکو اچانک جبکہ وہ بے خبر تھے۔	عَفَوْا وَّ قَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَ السَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٩٥﴾
96. And if that the people of the townships had believed and be righteous, We would certainly have opened for them blessings from the heaven and the earth. But they denied, so We seized them for what they used to earn.	اور اگر یہ کہ بستیوں والے ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو کھول دیتے ہم ان پر برکتیں آسمان سے اور زمین سے لیکن جھٹلایا انہوں نے۔ سو پکڑ لیا ہم نے انکو بسبب اس کے جو وہ کماتے رہے۔	وَ لَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَ اتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ وَ لٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٦﴾
97. Then, did feel secure the people of the townships that would come to them Our punishment by night while they were asleep.	تو کیا بے خوف ہیں بستیوں والے کہ واقع ہو ان پر ہمارا عذاب رات کو جبکہ وہ سو رہے ہوں۔	اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّ هُمْ نَآىِٕمُوْنَ ﴿٩٧﴾
98. Or, did feel secure the people of the townships that would come to them Our punishment at daytime while they are playing.	اور کیا بے خوف ہیں بستیوں والے کہ واقع ہو انپر ہمارا عذاب دن چڑھے جبکہ وہ کھیل رہے ہوں۔	اَوَ اَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّ هُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿٩٨﴾
99. Then, did they feel secure against the plan of Allah. So none feels secure from the plan of Allah, except the people who are the losers.	کیا یہ بے خوف ہو گئے ہیں اللہ کی تدبیر سے۔ تو نہیں بے خوف ہوتے اللہ کی تدبیر سے مگر وہی لوگ جو خسارہ پانے والے ہیں۔	اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٩٩﴾
100. Is it not a guiding lesson to those who inherit the earth after its previous possessors, that if We so willed, We could have afflicted them for their sins. And We seal over their hearts so they do not hear.	اور کیا نہیں موجب ہدایت ہوا ان لوگوں کو جو وارث ہوتے ہیں زمین کے اسکے رہنے والوں کے بعد کہ اگر ہم چاہیں تو مصیبت ڈال دیں ان پر ان کے گناہوں کے سبب۔ اور مہر لگا دیں ان کے دلوں پر پھر وہ نہ کچھ سن سکیں۔	اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿١٠٠﴾
101. Such were the townships, We relate unto you some stories of them. And indeed, there came to them their messengers with clear proofs, so they were not such as to believe in that which they had denied before. Thus does Allah seal over the hearts of the disbelievers.	یہ تھیں بستیاں سناتے ہیں ہم تم کو جن کی کچھ خبریں۔ اور یقیناً آئے تھے ان کے پاس انکے رسول نشانیوں کے ساتھ۔ تو نہیں تھے وہ کہ ایمان لے آتے اسپر جس کو جھٹلا چکے تھے پہلے۔ اسی طرح مہر لگا دیتا ہے اللہ دلوں پر کافروں کے۔	تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآىِٕهَا ۚ وَ لَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٠١﴾
102. And We did not find most of them true to covenant. And indeed, We found most of them transgressors.	اور نہیں پایا ہم نے ان میں سے اکثر میں پاس عہد۔ اور یقیناً پایا ہم نے ان میں سے اکثر کو نافرمان۔	وَ مَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَ اِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿١٠٢﴾

103. Then We sent after them, Moses with our signs to Pharaoh and his chiefs, but they dealt unjustly with them. Then see, how was the consequence of those who spread corruption.	پھر بھیجا ہم نے ان کے بعد موسیٰ کو نشانیوں کے ساتھ فرعون کے پاس اور اسکے سرداروں کے پاس ۔ تو انہوں نے ناانصافی کی انکے ساتھ۔ سو دیکھ لو کہ کیسا ہوا انجام فساد برپا کرنے والوں کا ۔	ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۰۳﴾
104. And Moses said: "O Pharaoh, indeed I am a messenger from the Lord of the worlds."	اور کہا موسیٰ نے اے فرعون یقیناً میں ہوں رسول سارے جہانوں کے رب کی طرف سے ۔	وَ قَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾
105. "It is right for (me) that I do not speak about Allah except the truth. Indeed, I have come to you with a clear proof from your Lord. So send with me the Children of Israel."	حق ہے (مجھ) پر کہ نہ کہوں میں اللہ کے بارے میں مگر سچ ۔ یقیناً آیا ہوں میں تمہارے پاس کھلی نشانی کے ساتھ تمہارے رب کی طرف سے ۔ سو بھیج میرے ساتھ بنی اسرائیل کو ۔	حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۰۵﴾
106. He said: "If you have come with a sign, then bring it forth, if you should be of the truthful."	کہا اس نے اگر لے کر آیا ہے تو کوئی نشانی تو پیش کر اسے اگر ہے تو سچوں میں سے ۔	قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۰۶﴾
107. So he flung down his staff, then behold, it was a serpent manifest.	تو ڈال دیا اس نے اپنا عصا تو اسی وقت وہ ہو گیا ایک اژدھا جیتا جاگتا ۔	فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾
108. And he drew forth his hand, then behold, it was white for the beholders.	اور نکالا اس نے اپنا ہاتھ تو یکایک وہ ہو گیا سفید دیکھنے والوں کے لئے ۔	وَّ نَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾
109. Said the chiefs of Pharaoh's people: "Indeed, this is a sorcerer well versed."	کہنے لگے سردار قوم فرعون میں کے یقیناً یہ ہے جادوگر بڑا ماہر ۔	قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾
110. "He intends that he drives you out from your land. So what do you instruct."	چاہتا یہ ہے کہ نکال دے تمکو تمہارے ملک سے ۔ تو کیا تم مشورہ دیتے ہو ۔	يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾
111. They said: "Put him off, and his brother, and send into the cities gatherers."	کہا انہوں نے موقوف رکھ اسے اور اسکے بھائی کو اور بھیج دے شہروں میں جمع کرنیوالے ۔	قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَ اَخَاهُ وَ اَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾
112. "Who will bring you every sorcerers, well versed."	لے آئیں تیرے پاس ہر ایک جادوگر ماہر ۔	يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾
113. And came the sorcerers to Pharaoh. They said: "Indeed, for us is a reward if we are the victors."	اور آپہنچے جادوگر فرعون کے پاس ۔ کہنے لگے یقیناً ہمارے لئے صلہ ہے اگر رہیں ہم غالب ۔	وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾
114. He said: "Yes, and surely you shall be among those nearest."	کہا اس نے ہاں اور یقیناً تم ضرور ہو گے انمیں جو مقرب ہیں ۔	قَالَ نَعَمْ وَ اِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

115. They said: "O Moses, either that you throw or that we shall be the throwers."	کہا انہوں نے اے موسیٰ یا تو یہ کہ تم ڈالو یا پھر یہ کہ ہو جائیں گے ہم ڈالنے والے ۔	قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَ اِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾
116 H said: "Throw." So when they threw, they bewitched the eyes of the people, and struck awe into them, and they brought a great magic.	کہا اس نے تم ڈالو۔ سو جب ڈالیں انہوں نے تو جادو کر دیا نگاہوں پر لوگوں کی اور ڈرا دیا ان کو اور بنالائے وہ ایک جادو بہت بڑا۔	قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَ اسْتَرْهَبُوْهُمْ وَ جَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾
117. And We inspired to Moses that: "Throw your staff." So at once, it swallowed up what they were falsifying.	اور وحی بھیجی ہم نے موسیٰ کی طرف کہ ڈال دو اپنا عصا تو فوراً وہ نگلنے لگا اس کو جو باطل انہوں نے بنایا تھا۔	وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾
118. So the truth was established, and was made vain that which they were doing.	پس ثابت ہوگیا حق اور باطل ہوگیا جو کچھ عمل وہ کر رہے تھے ۔	فَوَقَعَ الْحَقُّ وَ بَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾
119. So they were defeated there and then, and they were returned disgraced.	تو مغلوب ہوگئے وہ اس موقع پر اور لوٹ گئے ذلیل ہو کر۔	فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَ انْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾
120. And fell down the sorcerers prostrate.	اور گر پڑے جادوگر سجدے میں ۔	وَ اُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾
121. They said: "We believe in the Lord of the worlds."	کہنے لگے ایمان لائے ہم سب جہانوں کے رب پر ۔	قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾
122. "The Lord of Moses and Aaron."	رب پر موسیٰ اور ہارون کے ۔	رَبِّ مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾
123. Pharaoh said: "You have believed in Him before that I give permission to you. Surely, this is the plot that you have contrived in the city, that you may drive out from there its people. So soon you shall know."	کہا فرعون نے ایمان لے آئے تم اس پر پیشتر اسکے کہ میں اجازت دوں تم کو۔ بیشک یہ بالکل فریب ہے جو تم نے مل کر چلا ہے شہر میں تاکہ نکال دو یہاں سے اس کے رہنے والوں کو۔ سو عنقریب تم جان لوگے۔	قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾
124. "Surely, I shall have cut off your hands and your feet on opposite sides. Then I shall crucify you all."	یقیناً میں کٹوا ڈالوں گا تمہارے ہاتھ اور تمہارے پیر مخالف طرف کے پھر یقیناً سولی پر چڑھا دونگا تمہیں سبکو۔	لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾
125. They said: "Surely, to our Lord, we shall return."	وہ کہنے لگے یقیناً اپنے رب کیطرف ہم لوٹ جائینگے۔	قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾
126. "And you do not take vengeance on us except that we have believed in the signs of our Lord when they came to us. Our Lord, shower upon us perseverance and cause us to die as those who have submitted."	اور نہیں انتقام لینا چاہتا ہے تو ہم سے مگر یہ کہ ہم ایمان لے آئے ہیں نشانیوں پر اپنے رب کی جب آگئیں وہ ہمارے پاس۔ ہمارے رب دہانے کھولدے ہم پر صبر کے اور وفات دے ہمیں فرمانبرداروں کی ۔	وَ مَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ۚ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾

127. And said the chiefs of Pharaoh's people: "Will you leave Moses and his people to cause corruption in the land, and to abandon you and your gods." He said: "We will surely kill their sons, and let live their women. And indeed, over them, we are in power."	اور کہنے لگے سردار قوم فرعون کے کیا چھوڑے دیتا ہے تو موسیٰ اور اسکی قوم کو کہ فساد کریں ملک میں اور چھوڑ دیں تجھ کو اور تیرے معبودوں کو۔ کہا اس نے ہم ضرور قتل کر ڈالیں گے ان کے بیٹوں کو اور زندہ رہنے دیں گے ان کی عورتوں کو اور بلاشبہ ہم انکے اوپر غالب ہیں۔	وَ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰی وَ قَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَ يَذَرَكَ وَ اٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَ نَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَ اِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾
128. Moses said to his people: "Seek help in Allah and be patient. Indeed, the earth is Allah's, He gives it as a heritage to whom He wills of His slaves. And the (good) end is for those who fear."	کہا موسیٰ نے اپنی قوم سے مدد مانگو اللہ سے اور ثابت قدم رہو۔ یقیناً زمین تو اللہ کی ہے۔ وارث بنا دیتا ہے وہ اسکا جسے چاہتا ہے وہ اپنے بندوں میں سے ۔ اور (اچھا) انجام توڈرنے والوں کا ہوتا ہے۔	قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَ اصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ۟ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَ الْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾
129. They said: "We suffered harm before that you came to us, and after when you have come to us." He said: "It may be that your Lord will destroy your enemy and make you successors on the earth, so He may see how you act."	وہ کہنے لگے کہ اذیتیں پہنچتی رہیں ہمیں پہلے بھی تیرے آنے سے اور بعد میں بھی تیرے آنے کے۔ کہا اس نے ممکن ہے کہ تمہارا رب ہلاک کر دے تمہارے دشمن کو اور خلیفہ بنا دے تمہیں زمین میں پھر دیکھے وہ کہ کیسے عمل تم کرتے ہو۔	قَالُوْۤا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰی رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَ يَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾
130. And indeed, We seized Pharaoh's people with years (of droughts) and loss of fruits, that they might receive admonition.	اور یقیناً پکڑ لیا ہم نے آلِ فرعون کو کئی سالوں (کے قحط) میں اور نقصان میں پھلوں کے۔ شاید کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔	وَ لَقَدْ اَخَذْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَ نَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳۰﴾
131. So whenever came to them prosperity, they said: "Ours is this." And if afflicted them a calamity, they attributed it to evil omens of Moses and those with him. Is it not in fact, their evil omens are with Allah, but most of them do not know.	سو جب حاصل ہوتی ان کو بھلائی تو کہتے کہ ہمارے لئے ہے یہ ۔ اور اگر پہنچتی ان کو برائی تو بدشگونی قرار دیتے موسیٰ کو اور جو تھے اسکے ساتھ۔ کیا نہیں درحقیقت ان کی بدشگونی مقدر ہے اللہ کے پاس لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔	فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَ اِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰی وَ مَنْ مَّعَهٗ ؕ اَلَاۤ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۱﴾
132. And they said: "whatever you may bring to us of a sign, to work your sorcery on us therewith, we shall not yet believe in you."	اور کہنے لگے وہ کیسی بھی لے آ تو ہمارے پاس کوئی نشانی تاکہ جادو کرے تو ہم پر اس سے ۔ تو بھی نہیں ہم تجھ پر ایمان لانے والے ۔	وَ قَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾
133. Then We sent on them the flood, and the locusts, and the lice, and the frogs, and the blood, as manifest signs. Yet they were arrogant, and they were a criminal people.	تو بھیجا ہم نے ان پر طوفان اور ٹڈیاں اور جوئیں اور مینڈک اور خون۔ نشانیاں بالکل واضح۔ تو وہ تکبر ہی کرتے رہے اور تھے وہ لوگ مجرم۔	فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَ الْجَرَادَ وَ الْقُمَّلَ وَ الضَّفَادِعَ وَ الدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۟ فَاسْتَكْبَرُوْا وَ كَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

134. And when fell on them the punishment, they said: “O Moses, pray for us unto your Lord, because He has a covenant with you. If you will remove from us the punishment, we shall indeed believe in you, and surely we will let go with you the Children of Israel.”	اور جب بھی واقع ہوا ان پر عذاب تو کہنے لگے اے موسیٰ دعا کر ہمارے لئے اپنے رب سے جیساکہ عہد کر رکھا ہے اس نے تجھ سے۔ اگر ٹال دے تو ہم پر سے عذاب تو ضرور ایمان لے آئیں گے ہم تجھ پر اور یقیناً بھیج دینگے ہم تیرے ساتھ بنی اسرائیل کو ۔	وَ لَمَّا وَقَعَ عَلَيۡهِمُ الرِّجۡزُ قَالُوۡا يٰمُوۡسَى ادۡعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنۡدَكَ ۚ لَئِنۡ كَشَفۡتَ عَنَّا الرِّجۡزَ لَنُؤۡمِنَنَّ لَكَ وَ لَنُرۡسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ﴿۱۳۴﴾
135. Then when We removed from them the punishment for a fixed term which they had to reach, then, they broke their covenant.	پھر جب ٹال دیتے ہم ان پر سے عذاب ایک مدت کے لئے۔ ان کو پہنچنا تھا جس تک۔ تب وہ عہد کو توڑ ڈالتے۔	فَلَمَّا كَشَفۡنَا عَنۡهُمُ الرِّجۡزَ اِلٰۤى اَجَلٍ هُمۡ بٰلِغُوۡهُ اِذَا هُمۡ يَنۡكُثُوۡنَ ﴿۱۳۵﴾
136. Then We took retribution from them. So We drowned them in the sea, because they denied Our revelations and they were heedless of them.	پھر انتقام لیا ہم نے ان سے تو غرق کردیا ہم نے انکو سمندر میں اس لئے کہ جھٹلایا تھا انہوں نے ہماری آیتوں کو اور رہتے تھے وہ ان سے غافل ۔	فَانۡتَقَمۡنَا مِنۡهُمۡ فَاَغۡرَقۡنٰهُمۡ فِى الۡيَمِّ بِاَنَّهُمۡ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَا وَ كَانُوۡا عَنۡهَا غٰفِلِيۡنَ ﴿۱۳۶﴾
137. And We made to inherit the people who were oppressed, the eastern parts of the land and the western parts thereof, that We put our blessing wherein. And was fulfilled the word of your Lord, good word, for the Children of Israel, for they had endured with patience. And We destroyed all that had built Pharaoh and his people, and what they had erected.	اور وارث کر دیا ہم نے ان لوگوں کو جو کمزور بنائے جاتے رہے اس سرزمین کے مشرق کا اور اس کے مغرب کا۔وہ کہ برکت رکھی تھی ہم نے جس میں۔ اور پورا ہوگیا وعدہ تیرے رب کا۔ ایک اچھا وعدہ بنی اسرائیل کے بارے میں۔یہ اس لئے کہ صبر کیا انہوں نے ۔ اور تباہ کر دیا ہم نے جو کچھ بنایا تھا فرعون اور اس کی قوم نے اور جو وہ چڑھا کرتے تھے۔	وَ اَوۡرَثۡنَا الۡقَوۡمَ الَّذِيۡنَ كَانُوۡا يُسۡتَضۡعَفُوۡنَ مَشَارِقَ الۡاَرۡضِ وَ مَغَارِبَهَا الَّتِىۡ بٰرَكۡنَا فِيۡهَا ؕ وَ تَمَّتۡ كَلِمَتُ رَبِّكَ الۡحُسۡنٰى عَلٰى بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ۙ بِمَا صَبَرُوۡا ؕ وَ دَمَّرۡنَا مَا كَانَ يَصۡنَعُ فِرۡعَوۡنُ وَ قَوۡمُهٗ وَ مَا كَانُوۡا يَعۡرِشُوۡنَ ﴿۱۳۷﴾
138. And We brought the Children of Israel across the sea, then they came upon a people devoted to idols of theirs. They said: “O Moses, make for us a god same as they have gods.” He said: “You are indeed a people ignorant.”	اور پار اتار دیا ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر کے تو وہ جا پہنچے ایسے لوگوں کے پاس جو لگے بیٹھے تھے اپنے بتوں پر ۔ کہنے لگے وہ اے موسیٰ بنا دے ہمارے لئے ایک معبود جیسے ان کے ہیں معبود ۔ کہا اس نے یقیناً تم ہو لوگ بڑے جاہل ۔	وَ جٰوَزۡنَا بِبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ الۡبَحۡرَ فَاَتَوۡا عَلٰى قَوۡمٍ يَّعۡكُفُوۡنَ عَلٰۤى اَصۡنَامٍ لَّهُمۡ ۚ قَالُوۡا يٰمُوۡسَى اجۡعَلۡ لَّنَاۤ اِلٰهًا كَمَا لَهُمۡ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّكُمۡ قَوۡمٌ تَجۡهَلُوۡنَ ﴿۱۳۸﴾
139. “Indeed, these are people, will be destroyed that which they are engaged in. And vain is that which they have been doing.”	یقیناً یہ لوگ ہیں کہ برباد ہونے والا ہے وہ ہیں یہ جس میں۔ اور باطل ہے جو کچھ عمل یہ کرتے رہے ہیں ۔	اِنَّ هٰٓؤُلَاۤءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمۡ فِيۡهِ وَ بٰطِلٌ مَّا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۳۹﴾
140. He said: “Is it other than Allah, I should seek for you as a god. While it is He who has favored you above the nations.”	کہا اس نے کیا سوا ئے اللہ کے تلاش کروں میں تمہارے لئے کوئی معبود حالانکہ وہی ہے فضیلت دی ہے جس نے تمکو اہل عالم پر۔	قَالَ اَغَيۡرَ اللّٰهِ اَبۡغِيۡكُمۡ اِلٰهًا وَّ هُوَ فَضَّلَكُمۡ عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۱۴۰﴾

English	Urdu	Arabic
141. And when We saved you from Pharaoh's people, who were afflicting you with dreadful torment, slaughtering your sons, and letting live your women. And in that was a trial from your Lord, a tremendous.	اور جب نجات دی ہم نے تمکو آلِ فرعون سے کہ پہنچاتے تھے وہ تم کو بدترین عذاب۔ قتل کر ڈالتے تھے وہ تمہارے بیٹوں کو اور زندہ رہنے دیتے تھے تمہاری عورتوں کو۔ اور تھی اس میں آزمائش تمہارے رب کی طرف سے بہت بڑی۔	وَ اِذْ اَنْجَیْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ یَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ یُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَ یَسْتَحْیُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَ فِیْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِیْمٌ ﴿۱۴۱﴾
142. And We appointed for Moses thirty nights, and added to them ten. So he completed the term appointed by his Lord of forty nights. And Moses said to his brother Aaron: "Take my place among my people, and act righteously, and do not follow the path of those who create corruption."	اور معیاد مقرر کی ہم نے موسیٰ سے تیس راتوں کی اور اضافہ کر دیا ہم نے اس میں دس کا تو پوری ہو گئی مقرر کردہ معیاد اسکے رب کی چالیس راتیں۔ اور کہا موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہ میری نیابت کر میری قوم میں اور اصلاح کرتے رہنا اور نہ چلنا راستے پر فساد برپا کرنیوالوں کے۔	وَ وٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِیْنَ لَیْلَةً وَّ اَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِیْقَاتُ رَبِّهٖۤ اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً ۚ وَ قَالَ مُوْسٰى لِاَخِیْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِیْ فِیْ قَوْمِیْ وَ اَصْلِحْ وَ لَا تَتَّبِعْ سَبِیْلَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۱۴۲﴾
143. And when Moses came to the term appointed by Us, and spoke to him his Lord, he said: "My Lord, show me, that I may look at You." He said: "Never can you see Me, but look at the mountain, so if it remains firm in its place, then you shall see Me." Then when his Lord manifested His glory to the mountain, He sent it crashing down, and fell down Moses unconscious.Then when he came to his senses, he said: "Glory be to You, I turn in repentance to You, and I am the first of those who believe."	اور جب پہنچا موسیٰ ہمارے مقرر کئے ہوئے وقت پر اور اس سے کلام کیا اس کے رب نے۔ کہا اس نے میرے رب دکھا مجھے کہ دیدار کروں میں تیرا۔ فرمایا اس نے ہرگز نہ دیکھ سکے گا تو مجھے۔ لیکن دیکھتا رہ پہاڑ کی طرف پس اگر یہ قائم رہا اپنی جگہ پر تو دیکھ سکے گا تو مجھے۔ پھر جب تجلی کی اسکے رب نے پہاڑ پر تو کر ڈالا اسکو ریزہ ریزہ۔ اور گر پڑا موسیٰ بے ہوش ہو کر۔ پھر جب ہوش میں آیا تو کہا پاک ہے تیری ذات۔ توبہ کرتا ہوں تیرے حضور اور میں ہوں سب سے پہلے ایمان لانے والوں میں۔	وَ لَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِیْقَاتِنَا وَ كَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِیْۤ اَنْظُرْ اِلَیْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِیْ وَ لٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِیْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّ خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّاۤ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَیْكَ وَ اَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۴۳﴾
144. He said: "O Moses, indeed I have chosen you above mankind by My messages and by My speaking. So hold that which I have given you, and be among those who give thanks."	فرمایا اس نے اے موسیٰ بیشک میں نے منتخب کر لیا تجھ کو لوگوں پر اپنے پیغام سے اور اپنے کلام سے۔ تو تھام لے اسے جو میں نے عطا کیا ہے تجھ کو اور ہو جا شکرگذاروں میں۔	قَالَ یٰمُوْسٰۤى اِنِّی اصْطَفَیْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِیْ وَ بِكَلَامِیْ ۖ فَخُذْ مَاۤ اٰتَیْتُكَ وَ كُنْ مِّنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿۱۴۴﴾
145. And We wrote for him, on the tablets, all kinds of advices, and the explanation of all things. "So Hold unto these firmly, and command your people to hold on to the best in it. I shall soon show you the abode of the disobedient."	اور لکھ دی ہم نے اسکے لئے تختیوں میں ہر قسم کی نصیحت اور تفصیل ہر چیز کی۔ تو تھامے رہ اسے مضبوطی سے اور حکم دے اپنی قوم کو کہ اختیار کریں اس کی اچھی باتوں کو۔ عنقریب دکھاؤں گا میں تم کو گھر نافرمان لوگوں کا۔	وَ كَتَبْنَا لَهٗ فِی الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ مَّوْعِظَةً وَّ تَفْصِیْلًا لِّكُلِّ شَیْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّ اْمُرْ قَوْمَكَ یَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ؕ سَاُورِیْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِیْنَ ﴿۱۴۵﴾

146. I shall turn away from My signs those who behave arrogantly in the earth, without any right. And if they see every sign, they shall not believe therein. And if they see the way of righteousness, they will not adopt that way. And if they see the way of error, they will adopt that way. That is because they denied Our verses and were from them heedless.	پھیر دوں گا میں اپنی آیتوں سے ان لوگوں کو جو تکبر کرتے ہیں زمین میں بغیر کسی حق کے ۔ اور اگر یہ دیکھ لیں ہر نشانی تو نہ ایمان لائیں اس پر۔ اور اگر یہ دیکھیں راہ ہدایت کی تو بھی نہ بنائیں اسے راستہ ۔ اور اگر دیکھیں راہ گمراہی کی تو اختیار کرلیں اسے راستہ ۔ یہ اس لئے کہ جھٹلایا انہوں نے ہماری آیات کو اور رہے وہ ان سے غفلت کرنیوالے ۔	سَاَصۡرِفُ عَنۡ اٰيٰتِىَ الَّذِيۡنَ يَتَكَبَّرُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ بِغَيۡرِ الۡحَـقِّ ؕ وَاِنۡ يَّرَوۡا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤۡمِنُوۡا بِهَا ۚ وَاِنۡ يَّرَوۡا سَبِيۡلَ الرُّشۡدِ لَا يَتَّخِذُوۡهُ سَبِيۡلًا ۚ وَّاِنۡ يَّرَوۡا سَبِيۡلَ الۡغَىِّ يَتَّخِذُوۡهُ سَبِيۡلًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوۡا عَنۡهَا غٰفِلِيۡنَ ۝١٤٦
147. And those who denied Our verses and the meeting of the Hereafter, have gone worthless their deeds. Shall not they be recompensed except what they used to do.	اور وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں اور پیش کو آخرت کی ضائع ہو گئے انکے اعمال ۔ کیا نہیں بدلہ دیا جائے گا انکو مگر جو عمل وہ کرتے رہے ہیں ۔	وَالَّذِيۡنَ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الۡاٰخِرَةِ حَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ ؕ هَلۡ يُجۡزَوۡنَ اِلَّا مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ۝١٤٧
148. And chose people of Moses, after him, from their ornaments, a calf, an image having a lowing sound. Did they not see that it could neither speak to them nor guide them to the way. They took it and they were wrong doers.	اور بنا لیا موسیٰ کی قوم نے اس کے بعد اپنے زیورات سے ایک بچھڑا۔ ایک شبیہ جس میں تھی بیل کی آواز۔ کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ نہ وہ بات کر سکتا ہے ان سے اور نہ دکھا سکتا ہے انکو راستہ ۔ بنا لیا انہوں نے اسکو اور تھے وہ ظلم کرنیوالے ۔	وَاتَّخَذَ قَوۡمُ مُوۡسٰى مِنۡۢ بَعۡدِهٖ مِنۡ حُلِيِّهِمۡ عِجۡلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ اَلَمۡ يَرَوۡا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمۡ وَلَا يَهۡدِيۡهِمۡ سَبِيۡلًا ۘ اِتَّخَذُوۡهُ وَكَانُوۡا ظٰلِمِيۡنَ ۝١٤٨
149. And when they regretted, and saw that they indeed had gone astray, they said: "If does not have mercy upon us our Lord, and does not pardon us, we shall indeed be among the losers."	اور جب وہ نادم ہوئے اور دیکھا کہ وہ در حقیقت گمراہ ہو گئے ہیں تو کہنے لگے اگر نہیں رحم کرے گا ہم پر ہمارا رب اور نہیں معاف فرمائے گا ہم کو تو یقیناً ہو جائیں گے ہم خسارہ اٹھانے والوں میں ۔	وَلَمَّا سُقِطَ فِىۡۤ اَيۡدِيۡهِمۡ وَرَاَوۡا اَنَّهُمۡ قَدۡ ضَلُّوۡا ۙ قَالُوۡا لَـئِنۡ لَّمۡ يَرۡحَمۡنَا رَبُّنَا وَيَغۡفِرۡ لَنَا لَنَكُوۡنَنَّ مِنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ۝١٤٩
150. And when Moses returned to his people, angry, grieved, he said: "Evil is that which you have done in my place after me. Did you make haste to the judgment of your Lord." And he put down the tablets, and he seized by the head his brother, dragging him towards him. He said: "O son of my mother, indeed the people judged me weak and were about to kill me. So make not rejoice over me the enemies, nor put me amongst the people who are wrong doers."	اور جب لوٹا موسیٰ اپنی قوم کی طرف غصے میں افسوس کرتا ہوا۔ کہا اس نے بری ہے جو کی ہے تم نے میری جانشینی میرے بعد۔ کیا جلد بازی کی تم نے فیصلے کی اپنے رب کے ۔ اور ڈالدیں اس نے تختیاں اور پکڑلیا سر سے اپنے بھائی کو کھینچتے ہوئے اپنی طرف۔ کہا اس نے اے میرے ماں جائے بیشک ان لوگوں نے تو مجھے کمزور سمجھا اور قریب تھا کہ قتل کر ڈالتے مجھے۔ تو نہ ہنسنے کا موقع دے مجھ پر دشمنوں کو اور نہ شامل کر مجھے ساتھ ان لوگوں کے جو ظالم ہیں۔	وَلَمَّا رَجَعَ مُوۡسٰٓى اِلٰى قَوۡمِهٖ غَضۡبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئۡسَمَا خَلَفۡتُمُوۡنِىۡ مِنۡۢ بَعۡدِىۡ ۚ اَعَجِلۡتُمۡ اَمۡرَ رَبِّكُمۡ ۚ وَاَلۡقَى الۡاَلۡوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاۡسِ اَخِيۡهِ يَجُرُّهٗۤ اِلَيۡهِ ؕ قَالَ ابۡنَ اُمَّ اِنَّ الۡقَوۡمَ اسۡتَضۡعَفُوۡنِىۡ وَكَادُوۡا يَقۡتُلُوۡنَنِىۡ ۖ فَلَا تُشۡمِتۡ بِىَ الۡاَعۡدَآءَ وَلَا تَجۡعَلۡنِىۡ مَعَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ۝١٥٠
151. He said: "O my Lord, forgive me and my brother, and	کہا اس نے میرے رب معاف کر دے مجھے اور میرے	قَالَ رَبِّ اغۡفِرۡ لِىۡ وَلِاَخِىۡ وَاَدۡخِلۡنَا فِىۡ

make us enter into Your mercy. And you are Most Merciful of those who show mercy.”	بھائی کو اور داخل کر ہمیں اپنی رحمت میں۔ اور تو ہے سب سے بڑھ کر رحم کرنیوالا ان میں جو رحم کرتے ہیں۔	رَحْمَتِكَ ۖ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾
152. Certainly, those who took the calf (for worship), soon will come upon them wrath from their Lord, and humiliation in the life of the world. And thus, We recompense those who fabricate lies.	یقیناً وہ جنہوں نے بنا لیا تھا بچھڑے کو (عبادت کے لئے) عنقریب واقع ہو گا ان پر غضب انکے رب کا اور ذلت دنیا کی زندگی میں ۔ اور اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں ہم جھوٹ گھڑنے والوں کو ۔	اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ ذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿۱۵۲﴾
153. And those who committed evil deeds, then repented after that and believed, Indeed, your Lord, after that, is surely Oft Forgiving, Most Merciful.	اور وہ جنہوں نے کام کئے برائی کے پھر توبہ کر لی اسکے بعد اور ایمان لے آئے ۔ یقیناً تیرا رب اس کے بعد ضرور معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے ۔	وَ الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَ اٰمَنُوْٓا ۡ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵۳﴾
154. And when subsided from Moses, the anger, he took up the tablets, and in their inscription was guidance and mercy for those who are fearful of their Lord.	اور جب ٹھنڈا ہوا موسیٰ کا غصہ تو اٹھا لیں اس نے تختیاں ۔ اور ان کی تحریروں میں تھی ہدایت اور رحمت ان لوگوں کے لئے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں ۔	وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۚ وَ فِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿۱۵۴﴾
155. And Moses chose from his people seventy men for a meeting with Us. So when they were seized with a violent earthquake, he said: “O My Lord, if it had been Your will, You could have destroyed them before, and me. Would You destroy us for the deeds of the foolish ones among us. It is nothing but Your trial. You lead astray by which, whom You will, and guide whom You will. You are our protector, so forgive us and have mercy on us. And You are the best of those who forgive.”	اور منتخب کئے موسیٰ نے اپنی قوم کے ستر آدمی ہم سے ملاقات کے لئے ۔ پھر جب آپکڑا انکو زلزلے نے تو کہا اس نے میرے رب اگر تو چاہتا تو ہلاک کر دیتا ان کو پہلے ہی اور مجھ کو بھی ۔ تو کیا ہلاک کر دے گا تو ہمیں اس پر جو کیا ہے بے عقل لوگوں نے ہم میں سے ۔ نہیں ہے یہ مگر تیری آزمائش ۔ گمراہ رہنے دے تو اس سے جس کو تو چاہے اور ہدایت بخشدے جس کو تو چاہے ۔ تو ہمارا کارساز ہے سو بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے ۔	وَ اخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَ اِيَّايَ ۭ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاۗءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ۭ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَاۗءُ وَ تَهْدِيْ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾
156. And ordain for us in this world good, and in the Hereafter. Certainly, we have turned unto You. He said: “My punishment, I afflict therewith whom I will, and My mercy embraces all things. So I shall ordain it for those who fear, and give the poor due, and those, who in Our revelations, they are believers.”	اور لکھ دے ہمارے لئے اس دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھی ۔ بیشک ہم رجوع ہو چکے تیری طرف ۔ فرمایا اس نے کہ جو میرا عذاب ہے ڈالتا ہوں میں اسے جس پر چاہتا ہوں ۔ اور جو میری رحمت ہے وہ چھائی ہوئی ہے ہر چیز پر ۔ سو عنقریب لکھ دوں گا میں اسکو ان لوگوں کے لئے جو ڈرتے ہیں اور ادا کرتے ہیں زکوٰۃ اور وہ لوگ جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں ۔	وَ اكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ۭ قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَاۗءُ ۚ وَ رَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۭ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَ يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ الَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۶﴾

157. Those who follow the Messenger, the Prophet, unlettered, he whom they find written with them in the Torah and the Gospel. He commands them what is right, and forbids them from what is wrong. And he makes lawful for them the good things, and he prohibits for them the evil things, and he relieves from them their burden, and the shackles that are upon them. So those who believe in him, and honor him, and help him, and follow the light which is sent down with him, it is they who are the successful.

وہ لوگ جو پیروی کرتے ہیں اس رسول کی جو نبی امیّ
ہے وہی جسے پاتے ہیں وہ لکھا ہوا اپنے پاس تورات
میں اور انجیل میں ۔ حکم دیتا ہے وہ انہیں نیکی کا اور روکتا
ہے وہ انہیں برائی سے ۔ اور حلال کرتا ہے وہ انکے
لئے پاکیزہ چیزوں کو اور حرام ٹھیراتا ہے ان پر ناپاک
چیزوں کو اور اتارتا ہے ان پر سے ان کے بوجھ اور طوق
جو تھے ان پر ۔ تو جو لوگ ایمان لائے اس پر اور رفاقت
کی اس کی اور مدد دی اس کو اور پیروی کی اس نور کی جو
نازل کیا گیا ہے اس کے ساتھ ۔ یہی وہ لوگ ہیں جو ہیں
فلاح پانے والے ۔

اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ
يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَ
الْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهٰىهُمْ عَنِ
الْمُنْكَرِ وَ يُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَ يُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ
الْخَبٰٓئِثَ وَ يَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَ الْاَغْلٰلَ
الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَ
عَزَّرُوْهُ وَ نَصَرُوْهُ وَ اتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ
اُنْزِلَ مَعَهٗٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

158. Say: “O mankind, indeed I am the messenger of Allah to you all. Him to whom belongs the dominion of the heavens and the earth. There is no god but Him. He gives life and causes death. So believe in Allah, and His Messenger, the Prophet, unlettered, he who believes in Allah and His words, and follow him so that you may be guided.

کہدو اے لوگوں یقیناً میں ہوں رسول اللہ کا تم سب
کیطرف ۔ وہ جس کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں اور
زمین کی ۔ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اسکے وہی زندگی
بخشتا ہے اور وہی موت دیتا ہے ۔ تو ایمان لاؤ اللہ پر اور
اسکے رسول نبی امیّ پر جو ایمان رکھتا ہے اللہ پر اور اسکے
کلام پر اور پیروی کرو اسکی تاکہ تم ہدایت پاؤ۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ
جَمِيْعَا ِۨ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ
فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ
يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ كَلِمٰتِهٖ وَ اتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ
تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾

159. And among the people of Moses, is a community, who guide with truth and by it they establish justice.

اور موسیٰ کی قوم میں کچھ لوگ ہیں جو راستہ بتاتے ہیں حق
کا اور اسی کے مطابق انصاف کرتے ہیں ۔

وَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰىٓ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَ بِهٖ
يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾

160. And We divided them into twelve tribes as nations. And We inspired to Moses, when asked him for water his people, that: “Strike with your stick the stone.” So there gushed forth out of it twelve springs. Indeed, did know each group of people their drinking place. And We shaded over them with the clouds, and We sent down for them the manna and the quails “Eat of the good things with which We have provided you. And they

اور بانٹ دیا ہم نے انکو بارہ قبیلوں میں قوموں کی
طرح ۔ اور وحی بھیجی ہم نے موسیٰ کی طرف جب پانی
طلب کیا اس سے اسکی قوم نے کہ مارو اپنی لاٹھی پتھر
پر ۔ تو پھوٹ نکلے اس میں سے بارہ چشمے ۔ بیشک معلوم
کرلی ہر گروہ نے اپنے پینے کی جگہ ۔ اور سائبان بنادیا ہم
نے ان پر بادل کو اور نازل کیا ہم نے ان پر من و سلوی
۔ کھاؤ پاکیزہ چیزوں میں سے جو ہم نے تمہیں دیں ۔ اور
نہیں کیا انہوں نے ہمارا نقصان بلکہ وہ اپنی جانوں پر ظلم
کرتے رہے ۔

وَ قَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا وَ
اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰىٓ اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ اَنِ
اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ
اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ
مَّشْرَبَهُمْ وَ ظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَ اَنْزَلْنَا
عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَ السَّلْوٰى كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ
مَا رَزَقْنٰكُمْ وَ مَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾

wronged Us not, but they used to wrong themselves.		
161. And when it was said to them: "Dwell in this township and eat therefrom wherever you wish, and say repentance, and enter the gate prostrate. We shall forgive you your sins, We shall soon increase for those who do good."	اور جب کہا گیا ان سے کہ سکونت اختیار کرلو اس شہر میں اور کھاؤ اس میں جہاں سے تم چاہو اور کہنا بخش دے۔ اور داخل ہونا دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے۔ معاف کردیں گے ہم تمہارے گناہ عنقریب ہم زیادہ دیں گے نیکی کرنے والوں کو۔	وَ اِذۡ قِيۡلَ لَهُمُ اسۡكُنُوۡا هٰذِهِ الۡقَرۡيَةَ وَ كُلُوۡا مِنۡهَا حَيۡثُ شِئۡتُمۡ وَ قُوۡلُوۡا حِطَّةٌ وَّ ادۡخُلُوا الۡبَابَ سُجَّدًا نَّغۡفِرۡ لَكُمۡ خَطِيۡٓـٰٔتِكُمۡ سَنَزِيۡدُ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿١٦١﴾
162. Then changed those who did wrong among them, the word to other, that which had been said to them. So We sent down upon them wrath from heaven for the wrong that they were doing.	پس بدل دیا انہوں نے جنہوں نے ظلم کیا تھا انمیں سے وہ لفظ جو مختلف تھا اس سے جو کہا گیا تھا ان سے۔ تو بھیجا ہم نے ان پر عذاب آسمان سے اس لئے کہ وہ ظلم کرتے تھے۔	فَبَدَّلَ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا مِنۡهُمۡ قَوۡلًا غَيۡرَ الَّذِىۡ قِيۡلَ لَهُمۡ فَاَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ رِجۡزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوۡا يَظۡلِمُوۡنَ ﴿١٦٢﴾
163. And ask them about the township that was by the sea, when they transgressed in the sabbath. When came to them their fish on their Sabbath day openly, and the day they had no sabbath, they did not come to them. Thus, did We try them because they were disobedient.	اور پوچھو ان سے اس بستی کے بارے میں جو تھی سمندر کے ساتھ۔ جب وہ حد سے تجاوز کرنے لگے ہفتے کے دن۔ جبکہ آتیں انکے سامنے انکی مچھلیاں ہفتے کے دن ابھر ابھر کر۔ اور وہ دن نہ ہوتا جو ہفتے کا تو نہ آتیں انکے پاس۔ اسی طرح آزمائش میں ڈالا ہم نے ان کو اس وجہ سے کہ وہ نافرمانی کرتے تھے۔	وَسۡـَٔلۡهُمۡ عَنِ الۡقَرۡيَةِ الَّتِىۡ كَانَتۡ حَاضِرَةَ الۡبَحۡرِ‌ۘ اِذۡ يَعۡدُوۡنَ فِى السَّبۡتِ اِذۡ تَاۡتِيۡهِمۡ حِيۡتَانُهُمۡ يَوۡمَ سَبۡتِهِمۡ شُرَّعًا وَّ يَوۡمَ لَا يَسۡبِتُوۡنَ‌ۙ لَا تَاۡتِيۡهِمۡ‌ۛۚ كَذٰلِكَ‌ۛۚ نَبۡلُوۡهُمۡ بِمَا كَانُوۡا يَفۡسُقُوۡنَ ﴿١٦٣﴾
164. And when said a community among them: "Why do you advise a people whom Allah is about to destroy or punish them with a severe punishment." They said: "To offer an excuse before your Lord, and perhaps they may become righteous."	اور جب کہا ایک جماعت نے ان میں سے کہ کیوں نصیحت کرتے ہو تم ایسے لوگوں کو کہ اللہ جنہیں ہلاک کرنے والا ہے یا عذاب دینے والا ہے انہیں ایک سخت عذاب کہا انہوں نے معذرت کے لئے تمہارے رب کے سامنے اور شاید کہ وہ تقویٰ اختیار کریں۔	وَ اِذۡ قَالَتۡ اُمَّةٌ مِّنۡهُمۡ لِمَ تَعِظُوۡنَ قَوۡمَا‌ ۙ اۨللّٰهُ مُهۡلِكُهُمۡ اَوۡ مُعَذِّبُهُمۡ عَذَابًا شَدِيۡدًا‌ ؕ قَالُوۡا مَعۡذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمۡ وَ لَعَلَّهُمۡ يَتَّقُوۡنَ ﴿١٦٤﴾
165. Then, when they forgot what they had been reminded with, We rescued those who forbade from evil, and We seized those who did wrong with a severe punishment because they were disobedient.	پھر جب بھلادیا انہوں نے اس کو نصیحت کی گئی تھی انکو جسکی تو نجات دی ہم نے ان کو جو منع کرتے تھے برائی سے اور پکڑ لیا ہم نے ان کو جو ظلم کرتے تھے بدترین عذاب میں اس لئے کہ وہ نافرمانی کرتے تھے۔	فَلَمَّا نَسُوۡا مَا ذُكِّرُوۡا بِهٖۤ اَنۡجَيۡنَا الَّذِيۡنَ يَنۡهَوۡنَ عَنِ السُّوۡٓءِ وَ اَخَذۡنَا الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا بِعَذَابٍۢ بَـِٔيۡسٍۢ بِمَا كَانُوۡا يَفۡسُقُوۡنَ ﴿١٦٥﴾
166. Then when they were insolent about that which they had been forbidden from, We said to them: "Be you apes, despised."	پھر جب سرکشی کی انہوں نے اس پر منع کیا گیا تھا انکو جس سے تو حکم دیا ہم نے انکے لئے کہ ہوجاؤ بندر ذلیل۔	فَلَمَّا عَتَوۡا عَنۡ مَّا نُهُوۡا عَنۡهُ قُلۡنَا لَهُمۡ كُوۡنُوۡا قِرَدَةً خٰسِـِٕيۡنَ ﴿١٦٦﴾
167. And when proclaimed your Lord that He would	اور جب اعلان کردیا تیرے رب نے کہ وہ ضرور مسلط کرتا	وَ اِذۡ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبۡعَثَنَّ عَلَيۡهِمۡ اِلٰى يَوۡمِ

certainly raise against them, till the Resurrection Day, those who would afflict them with humiliating punishment. Surely, your Lord is indeed swift in retribution, and indeed He is Oft Forgiving, Merciful.

رہے گا ان پر قیامت کے دن تک ایسے لوگ جو دینگے انکو بدترین عذاب۔ یقیناً تیرا رب جلدی کرنے والا ہے عذاب دینے میں اور یقیناً وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖۚ وَ اِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۷﴾

